ملی مسائل

ملی مسائل کی یکسوئی جماعت کی جدوجہد کا اہم باب

ملی مسائل کے حل کے لیے کی گئی سرگرمیاں:

- بے روزگاروں کو روزگار — 64
- مقامی جماعتوں کے تحت زکوۃ کا اجتماعی نظم — 148
- جماعت کی کوششوں سے ملت میں زکوۃ کا اجتماعی نظم — 17 مقامات
- ملی ایشوز پر خطابات عام — 7 (استفادہ کنندگان 595)
- دارالقضاء و تصفیہ کمیٹیاں — 4 (استفادہ کنندگان: 185)

تعلیم

اساتذہ کے تربیتی کیمپس :

اسکالر انگلش اسکول جوگیشوری کے اساتذہ کے لیے ایک روزہ ٹریننگ کیمپ برائے سائنس و ریاضی رکھا گیا، جس سے پرائمری اور ہائی اسکول کے 35/اساتذہ نے استفادہ کیا۔ یہ کیمپ 5/جنوری 2015 کو ہوا۔

مسلم ریزرویشن سے متعلق میٹنگ :

- چونکہ شعبہ تعلیم نے فیصلہ کیا تھا کہ MPJ مہاراشٹر مسلم ریزرویشن تحریک میں پیش پیش ہے اس لیے اسے فکری و دیگر معلومات فراہم کریں گے۔ اس لیے MPJ، SIO اور AIITA کے ذمہ داران کے ساتھ ایک نشست منعقد کی گئی۔ اس تین گھنٹے کی میٹنگ میں ہر تنظیم نے مفوضہ کاموں و ذمہ داروں کو دلجمعی سے کرنے کا وعدہ کیا۔
- مندرجہ بالا مقصد کے لیے MPJ اور دیگر غیر مسلم تنظیموں کے ساتھ دوسری میٹنگ مراٹھی پتر کار سنگھ (ممبئی) میں منعقد ہوئی۔
- ناندیڑ میں مقامی آتھاریٹیز کے ساتھ مسلم ریزرویشن کے موضوع پر ایک نشست 11/مارچ 2015 کو منعقد کی گئی جس میں سکریٹری شعبہ نے خطاب کیا۔

نئی قومی تعلیمی پالیسی:

حکومت ہند نے اعلان کیا ہے کہ ملک میں نئی قومی تعلیمی پالیسی جاری کی جائے گی۔ اس پالیسی کے 33/اہم اور مرکزی نکات اس سرکلر میں درج ہیں۔ عوام سے اس پر آن لائن تجاویز اور مشورے بھی طلب کیے گئے ہیں۔ محکمہ تعلیم نے مختلف اساتذہ، پرنسپل، ماہرین تعلیم، تعلیمی پالیسی ساز اداروں اور دیگر متعلقہ دانشوروں سے رائیں لے کر حکومت کو پہنچانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس ضمن میں SIO کے ذمہ داران، AIITA کے رفقاء، سکریٹری مرکز اور اس سے متعلق دیگر حضرات سے موقع بہ موقع دو ماہ میں تبادلہ خیالات کے لیے متعدد نشستیں منعقد کی گئیں۔ عنوانات اور ذیلی عنوانات ماہرین تعلیم کو تقسیم کیے گئے تا کہ ان کی تجاویز و مشورے لیے جائیں۔ یہ کام ہنوز جاری ہے۔

ہیومن ویلفیئر فائونڈیشن (HWF) کے ساتھ میٹنگ :

HWF تلنگانہ کے ساتھ ایک نشست ہوئی جس میں مہاراشٹر کی تعلیمی کیفیت اور ہماری ذمہ داریوں سے ان کو آگاہ کیا گیا۔ اس سلسلہ کی تعلیمی اسکیمات کی معلومات دی گئیں۔

نئی تعلیمی پالیسی کا تجزیاتی مطالعے کے لیے نشست:

درج بالا مذکورہ قومی نئی تعلیمی پالیسی کے تجزیاتی مطالعہ کے لیے اورنگ آباد میں یک روزہ سیمینار رکھا گیا جس میں 17/افراد نے شریک ہو کر اپنے پیپر پیش کیے۔ اس پر تبادلہ خیالات ہوا۔ پورے حلقہ سے 35 ماہرین تعلیم کو مدعو کیا گیا تھا۔

اقلیتی تعلیمی ترقی پر کُل ہند سیمینار:

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی (MANUU) نے اقلیتی تعلیمی ترقی کے موضوع پر دوروزہ سیمینار منعقد کیا۔ شعبہ تعلیم نے اس میں حصہ لیا۔ ڈاکٹر ایم.اے.بصیر صاحب، شیخ نظام ا ین صاحب اور ظہور احمد صاحب (سکریٹری شعبہ تعلیم) نے شرکت کی۔

N.M.T.S.E. :

پچھلے تین سالوں میں HWF نے SIO، جماعت، AIITA کے تعاون سے NMTSE قومی سطح پر مسلم ٹیلنٹ کی تلاش کے لیے امتحانات منعقد کیے جن میں اس سال 29/مارچ 2015 کو حلقہ کے 57 مراکز امتحان میں درجہ ہشتم کے 6000 طلبہ نے حصہ لیا۔

دوران مدت شعبہ تعلیم کے سکریٹری نے شعبہ کے لیے 15 یوم اور شعبہ کے دیگر ذمہ داران نے 20 یوم اس طرح مجموعی طور پر 35/ایام فارغ کیے۔اس کے علاوہ شعبہ کی جانب سے 15/عدد خطوط ومراسلے جاری کیے گئے۔